سوال

مجھے اکثر بے پردہ عورتوں کو دیکھنے کی بیماری ہے اکثر طور پر میں اپنے اوپر کنٹرول نہیں کر سکتا، مجھے کوئی نصیحت کریں کہ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور دورو و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں:

جسے کوئی زہریلا زخم ہو جائے تو اسے وہ کام کرنا چاہیے جس سے زہر کا اخراج ہو، زخم تریاق اور مرہم سے صحیح ہوتا ہے، اس بیماری کا علاج کئی ایک طریقوں سے ہو سکتا ہے:

پہلا طریقہ تو شادی ہے اسے شادی کر لینی چاہیے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ کا فرمان ہے:

"جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت کے محاسن کو دیکھے تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے کیونکہ اس کی بیوی کے ساتھ بھی وہی کچھ ہے جو اس عورت کے ساتھ تھا"

اس سے شہوت ٹوٹ ہو کر عشق کمزور ہو جاتا ہے

دوم:

اسے نماز پنجگانہ کی پابندی کرنی چاہیے، اور سحری کے وقت اللہ سے عاجزو انکساری کے ساتھ دعا کرے، اور نماز پورے خشوع و خضوع اور دل کے ساتھ ادا کرنی چاہیے، اور درج ذیل دعا کثرت سے کیا کرے:

"یا مقلب القلوب، ثبت قلبی علی دینک"

اے دلوں کو الٹنے والے، میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ"

"یا مصرف القلوب صرف قلبی إلی طاعتک وطاعۃ رسولک"

اے دلوں کو پھیرنے والے، میرے دل کو اپنی اور اپنے رسول کی اطاعت کی طرف پھیر دے"

کیونکہ جب بھی وہ مستقل طور پر ہمیشہ عاجزی و انکساری سے یہ دعا کریگا تو اللہ سبحانہ و تعالی اس کے دل کو اس بیماری سے پھیر دے گا، جیسا کہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اسی طرح ہم اس سے برائی اور فحاشی کو دور کر دیتے ہیں، یقینا وہ ہمارے مخلص بندوں میں سے تھا یوسف (24). انتہی

ماخوذ از: الفتاوی الکبری لشیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ (77/3).

سوم:

وہ اپنے آپ کو بے پرد عورتوں والی جگہوں سے دور رکھے، اور اسی طرح فحاشی کے ٹی وی چینلوں سے بھی دور رہے جو گندی اور مخرب الاخلاق فلمیں اور تصاویر پیش کرتے رہتے ہیں جو

دل میں اثر کرکے اسے کمزور کردیتی ہیں

والله اعلم

الاسلام سوال وجواب

111796